سوال

کیا نیلے پین سے لکھنا سنت ہے ؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو خطوط بادشاہوں کو بھجوائے تھے وہ کس رنگ سے لکھے گئے تھے ؟ اگر بادشاہوں کے خطوط نیلے پین سے لکھے ہوئے تھے تو کیا نیلے پین سے لکھنا سنت ہوگا ؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قرآن مجید لکھوایا کرتے تھے ۔ آپ نے مختلف علاقوں کے بادشاہوں کو خطوط بھی بھجوائے ۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں لکھنے کے جو وسائل تھے آپ نے وہ استعمال کیے، ہمارے زمانے میں لکھنے کے جو وسائل دستیاب ہیں وہ استعمال کیے جاسکتے ہیں کسی بھی رنگ کی روشنائی استعمال کرنے میں قباحت نہیں ہے ۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی

فضیلۃ الشیخ اسحاق زاہد